## ایاز زیدی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان کا ٹیلی فون پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم میر پور خاص کی سابق زونل کمیٹی کے رکن سید ایاز زیدی کے والد سید امیر خان زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان نے ٹیلی فون کر کے ایاز زیدی سے ان کے والد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ۔انہوں نے سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔( آمین )

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن محمد ایوب جیلانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24/ اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن محمد ایوب جیلانی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعا مغفرت کی ۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دکھ کی گھڑی میں آپ کیساتھ ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد ایوب جیلانی کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔( آمین )

## اشیاء خوردونوش خصوصاً گھی اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ ختم کیا جائے ،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔24/ اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ذخیرہ اندوزی کے باعث ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کا فوری نوٹس لیا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پام آئل کی قیمت 1300 ڈالر فی ٹن سے کم ہو کر صرف 510 ڈالر فی ٹن ہوگئی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ان حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے اشیاء خوردونوش خصوصاً گھی اور تیل کی قیمتوں کو حکومتی پالیسی کے تحت با آسانی قابو کیا جاسکتا ہے لیکن عالمی منڈی میں پام آئل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود غریب عوام کو اس کا خاطر خواہ فائدہ نہیں پہنچ رہا جو کہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے ساتھ سنگین مذاق ہے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط کے نمائندہ جماعت ہے اور غریب عوام کے مسائل حل کرنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانا ایم کیو ایم کے منشور میں شامل ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب عالمی منڈی میں پام آئل کی قیمتوں میں نصف فیصد کمی نمایاں ہے جبکہ دوسری جانب ذخیرہ اندوزوں نے اپنے نقصان کو بچانے کیلئے اس کا بوجھ غریب عوام پر ڈال رکھا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے ۔انہوں نے کہا کہ بجلی ، گیس ، آٹا ، چاول ، دالیں ، دودھ سمیت اشیاء صرف کی قیمتوں میں ہونیوالے ہوش ربا ء اضافہ کے سبب ملک کے غریب عوام پہلے مہنگائی کے بھاری بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور فاقہ کشی کی کربناک زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور اب گھی اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ برقرار رکھنے سے عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ بڑھ رہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اب یہ حکومت وقت کی اولین ذمہ داری ہے کہ اپنے کنٹرولنگ نظام کو مؤثر بناتے ہوئے تیل اور گھی تیار کرنے والے کارخانوں کے مالکان سے مذاکرات کرے اور انہیں پابند کرے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کم ہونے کا فائدہ براہ راست عوام کو فراہم کیا جائے ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلف دینے کیلئے اشیاء خوردونوش خصوصاً گھی اور تیل کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے ، کنٹرولنگ سسٹم کو متحرک کر کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور گھی اور تیل کی قیمتیں عالمی منڈی میں پام آئل کی نسبت سے کم کی جائے ۔

## معروف فلمساز ستیش آنند کو باحفاظت بازیاب کرایا جائے، رابطہ کمیٹی

## سندھ میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کے اغواء برائے تاوان کی وارداتیں تشویش کا باعث ہیں

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف فلمساز ستیش آنند کے اغواء پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ستیش آنند کو باحفاظت بازیاب کرایا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ میں اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے تاجروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے اغواء برائے تاوان کی وارداتیں ملک بھر کے عوام کیلئے گہری تشویش کا باعث ہیں اور اغواء برائے تاوان کی مسلسل وارداتوں سے اقلیتی برادری میں عدم تحفظ پایا جاتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ دنوں معروف فلمساز ستیش آنند کو اغواء کیا گیا اور تاحال انہیں بازیاب نہیں کرایا جاسکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ستیش آنند سمیت اقلیتی برادری کی دیگر شخصیات کے اغواء کی وارداتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور انکی باحفاظت بازیابی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن محمد ایوب جیلانی انتقال کر گئے، سوئم کل ہوگا

کراچی۔۔۔24/اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن اور ایم کیو ایم کے شہید کارکن رضوان جیلانی کے چھوٹے بھائی محمد ایوب جیلانی جمعرات کے روز حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کر گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحوم کی عمر 42 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔محمد ایوب جیلانی قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور تنظیمی پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔محمد ایوب جیلانی مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور تین بچے شامل ہیں۔دریں اثناء مرحوم کو گزشتہ روز سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان محمد شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## محمد ایوب، رانا محمد اسلم اور سید امیر خان زیدی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔24/اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن محمد ایوب جیلانی اور ایم کیو ایم میرپورخاص زون جھلوری یونٹ کے یونٹ انچارج رانا محمد اکبر کے بھائی رانا محمد اسلم، ایم کیو ایم میرپورخاص کی سابقہ زونل کمیٹی کے رکن سید ایاز زیدی کے والد سید امیر خان زیدی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی مرحوم کا فاتحہ سوئم

## مرحوم کی رہائشگاہ سمیت سندھ بھر میں قائم زونل دفاتروں پر قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات

کراچی۔۔۔24/اکتوبر 2008ء۔۔۔کراچی سمیت سندھ بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی، سلسلہ وارثیہ کے بزرگ حضرت یاسین وارثی کے صاحبزادے اور ایم کیو ایم کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی مرحوم کی فاتحہ سوئم کے اجتماعات منعقد ہوئے جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ان اجتماعات میں ایم کیو ایم کے علاقائی ذمہ داران، کارکنان وحق پرست عوام نے مجموعی طور پر لاکھوں کی تعداد میں شرکت کی جبکہ ان اجتماعات میں مجموعی طور پر 1825 قرآن پاک پڑھے گئے۔سوئم کے سلسلے میں مرکزی اجتماع بعد نماز جمعہ مرحوم کی رہائشگاہ واقع 390 سیکٹر 5 ڈی سرجانی ٹاؤن میں ہوا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر، سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر نصرت، آنسہ

ممتاز انوار،حق پرست صوبائی وزراء،سینیٹرز،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابق اراکین اسمبلی،ٹاؤن ناظمین ،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین ، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے مختلف ونگزوشعبہ جات شعبہ خواتین،ایلڈرز ونگ، لیبرڈویژن،میڈیکل ولیگل ایڈ کمیٹی،اے پی ایم ایس او،کراچی تنظیمی کمیٹی ،اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی،علماء کمیٹی،شہدااسیر کمیٹی،ایمپلائمنٹ سیل،الیکشن سیل،بورڈ کمیٹی،اسپیچ کمیٹی،ایڈمن کمیٹی،ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل،کیم ونگ،شعبہ اطلاعات،نیوز،ویڈیو،فوٹوسیکشن، ٹرانسپورٹ کمیٹی،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم علاقائی سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں،ادیبوں،شعراءاورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورمرحوم کی مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔کراچی کی طرح اندرون سندھ کے شہرایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران کی جانب سے حیدرآباد ،نوابشاہ،میرپورخاص،سکھر،قمبر شہدادکوٹ،شکارپور،ک شمور،گھوٹکی،نوشیروفیروز،دادو،بدین،لاڑکانہ،ٹھٹھہ،سانگھڑ،ٹنڈوالہیار،جامشورواورعمرکوٹ سمیت دیگرشہروں میں قرآن و فاتحہ خوانی کے چھوٹے بڑے اجتماعات منعقدکیے گئے جس میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران،زونل انچارجز واراکین زونل کمیٹی،سیکٹرز اور یونٹس کے عہدیداران ،کارکنان،ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرمرحوم کی مغفرت،ان کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## سیدشعیب بخاری اورڈاکٹرصغیراحمد کاپروفیسرغفورسے اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔24/اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزراءسیدشعیب احمد بخاری اورڈاکٹرصغیراحمد نے جمعہ کے روز جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیراور بزرگ سیاسی رہنماء پروفیسرغفوراحمد کے گھرجاکران کی اہلیہ کی وفات پراپنی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کااظہارکیا۔وہ کچھ دیروہاں رہےاورانہوں نے پروفیسرغفوراحمد سے تعزیت کرنے کےعلاوہ مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔اس موقع پر پروفیسرغفوراحمد نے بھی ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعیدوارثی کے انتقال پرافسوس کااظہارکرتے ہوئے مغفرت کی دعا کی۔

☆☆☆☆☆